31.10.2025

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .... آسیہ میمونہ

Music

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے، گجرات کے شہر ایکتانگر میں ملک کے یوم اتحاد کی تقریب کی قیادت کی۔ انہوں نے ہر ایک شہری سے زور دے کرکہا ہے کہ وہ ایسے کسی بھی خیال یا حرکت کو مسترد کردیں، جس سے قوم کا تانا بانا کمزور ہوتا ہو۔

☆ NDA نے بہار اسمبلی انتخابات کا انتخابی منشور جاری کردیا ہے۔ اس نے ایک کروڑ سرکاری ملازمتوں، کسانوں کیلئے MSP کی گارنٹی اور پانچ لاکھ روپے تک کے مفت طبی علاج کا وعدہ کیا ہے۔

☆ بھارت-امریکہ نے کوالالپور میں 10 سالہ اہم دفاعی فریم ورک پر دستخط کردیئے ہیں۔

☆ بھارت کے محکمہ موسمیات نے ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اورسکم کیلئے آج ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، آج آسٹریلیا کے شہر میلبرن میں پانچ میچوں کی ٹی-ٹوینٹی سیریز کا دوسرا میچ، بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان جاری ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے............

PM - Gujurat

وزیر اعظم نریندر مودی نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ وِکست بھارت کے خواب کو پورا کرنے کیلئے خود کو ملک کی ترقی کے تیئں وقف کر دیں۔

سردار ولبھ بھائی پٹیل کے 150 ویں یوم پیدائش کے موقع پر ایکتا نگر میں، راشٹریہ ایکتا دوس تقریبات میں ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ 2014 سے اب تک حکومت نے نکسلزم اور ماؤنواز دہشت گردی کو ایک فیصلہ کن اور طاقتور دھچکہ پہنچایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2014 سے پہلے ملک کے تقریباً 100 اضلاع، ماؤنواز سرگرمیوں سے متاثر تھے، لیکن آج یہ تعداد کم ہوکر محض 11 ہوگئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج صرف 3 اضلاع، نکسلزم سے متاثر رہ گئے ہیں۔

1400-PM 2014 Naxal

وزیر اعظم نے قومی اتحاد کو تقویت دینے کے اجتماعی عزم کو دوہراتے ہوئے کروڑوں عوام کی طرف سے، اتحاد کی حلف برداری میں ملک گیر شرکت کا ذکر کیا۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ ہر ایک شہری کو ایسے کسی خیال یا قدم کو مسترد کردینا چاہیے، جس سے قوم کا تانا بانا کمزور ہوتا ہو۔ انہوں نے اِس طرح کے خیال یا قدم کو مسترد کیا جانا، وقت کی ضرورت قرار دیا۔

انہوں نے کہا کہ آزادی کے بعد سردار پٹیل نے، 550 سے زیادہ نوابی ریاستوں کو متحد کرکے، بظاہر ناممکن کو، ممکن بنایا ہے، جس سے ایک بھارت شریشٹھ بھارت کے تصور کو حقیقت میں بدلا جاسکا۔

1400-PM -Run For Unity

جناب مودی نے ملک کی لسانی گوناگونیت کو سراہا۔ انہوں نے اِسے بھارت کی سب سے بڑی طاقتوں میں سے ایک قرار دیا۔ وزیر اعظم نے زبانوں کو اتحاد کی علامت قرار دیتے ہوئے سبھی بھارتی زبانوں کو فروغ دینے اور اِن کا تحفظ کرنے کے حکومت کے عزم کو دوہرایا۔

وزیر اعظم نے تعصب سے پاک ترقی اور غریبی کو دور کرنے میں حکومت کی حصولیابیوں کو بھی اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ پچھلی دہائی میں 25 کروڑ لوگوں کو غریبی کے دائرے سے باہر نکالا گیا۔ انہوں نے شفاف حکومت، بنیادی ڈھانچے کی توسیع اور بدعنوانی سے پاک پالیسیوں کو سراہا کہ اِن کی وجہ سے پورے ملک کے عوام جذباتی طور پر ایک دوسرے سے وابستہ ہیں۔

جناب مودی نے ہر ایک شہری سے زور دے کر کہا کہ وہ اتحاد کو قومی طاقت کا منتر بنائے اور سردار پٹیل کے تصور کو یاد رکھے، نیز وہ ایک مضبوط، ترقی یافتہ اور متحد بھارت کیلئے مل کر کام کرے۔×

PM-Arya Samaj

وزیراعظم نریندر مودی آج دوپہر نئی دلّی میں، روہنی میں بین الاقوامی آرین سمّٹ 2025 میں شرکت کریں گے۔ یہ پروگرام مہارِشی دیانند سرسوتی کے 200 ویں یوم پیدائش اور سماج کے تئیں، آریہ سماج کی خدمات کے 150 سال پورے ہونے کے موقع پر منعقدہ گیان جیوتی فیسٹول کا ایک کلیدی حصہ ہے۔ جناب مودی اس موقع پر اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔

اس کانفرنس میں پورے بھارت کی، آریہ سماج کی شاخوں کے نمائندے یکجا ہوں گے اور مہارِشی دیانند کی اصلاحی اقدار کے آفاقی جواز نیز اس تنظیم کی عالمی رسائی پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔×

Rev- Bihar-Sankalp Patra

قومی جمہوری اتحاد NDA نے، آج بہار اسمبلی انتخابات 2025 کا مشترکہ سنکلپ پتر جاری کیا۔ اس تقریب میں، بہار کے وزیراعلیٰ نتیش کمار، BJP صدر جے پی نڈا، BJP کے بہار انتخابات کے انچارج دھرمیندر پردھان اور NDA کے دیگر رہنما بھی موجود تھے۔

BJP صدر دلیپ جائسوال نے سنکلپ پتر کے بارے میں کہا کہ NDA کے منشور کا مطلب ہے، وزیراعظم نریندر مودی کی گارنٹی اور بہار کے وزیراعلیٰ نتیش کمار پر اعتماد۔ انہوں نے الزام لگایا کہ بہار کے عوام، راہل گاندھی اور تیجسوی یادو کے

بارے میں نہیں بھولیں گے کہ انہوں نے بہار کو برباد کیا ہے۔
سنکلپ پتر میں روزگار کے موقعے پیدا کرنے، ہنرمندی، خواتین کو بااختیار بنائے جانے اور کسانوں کی مالی مدد پر زور دیا گیا ہے۔
اِس میں بہار کے عوام کیلئے ایک کروڑ سے زیادہ روزگار موقعے فراہم کرنے اور ایک کروڑ خواتین کو لکھ پتی دیدی بنانے کی بات کہی گئی ہے۔ سنکلپ پتر میں زراعت سے متعلق بنیادی ڈھانچے کیلئے ایک لاکھ کروڑ روپے کا سرمایہ لگانے کی بات بھی کہی گئی ہے۔
NDA نے، 7 ایکسپریس وے کی تعمیر اور تین ہزار 600 کلومیٹر ریل لائن کی تجدید کا بھی وعدہ کیا ہے۔ سنکلپ پتر میں، ریاست میں صنعتوں کی ترقی کیلئے ایک لاکھ کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کا بھی اعلان کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ہر ایک ضلع میں مصنوعات سازی کے جدید کارخانے اور 10 نئے صنعتی پارکس تعمیر کئے جائیں گے۔ ریاست میں غریبوں کی بہبود کیلئے 150 یونٹ مفت بجلی اور حفظانِ صحت پر پانچ لاکھ روپے تک کی رقم فراہم کرنے کا بھی وعدہ کیا گیا ہے۔×

India-US Defence Agreement

بھارت اور امریکہ نے دفاعی شعبے میں تعاون سے متعلق اگلے 10 سال کیلئے ایک فریم ورک معاہدے پر دستخط کئے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا کہ انہوں نے ملیشیا کے کوالالپور میں امریکہ کے جنگی امور سے متعلق سکریٹری Pete Hegseth کے ساتھ ایک میٹنگ کی ہے۔ میٹنگ کے دوران فریقین نے ایک دفاعی فریم ورک پر دستخط کئے ہیں، جس سے دونوں ملکوں کے درمیان ایک نئے باب کا اضافہ ہوگا۔ دونوں ملکوں کے مابین پہلے ہی ایک مضبوط دفاعی شراکت داری ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ یہ شراکت داری ایک آزاد، کھلے اور قوانین پر مبنی بھارت-بحرالکاہل خطے کیلئے اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ دفاعی فریم ورک بھارت اور امریکہ کے دفاعی تعلقات کے تمام پہلوؤں کیلئے پالیسی پر مبنی سمت فراہم کرے گا۔
جناب سنگھ نے کہا کہ یہ دونوں ممالک کی بڑھتی ہوئی اسٹریٹجک حکمرانی کا اشارہ ہے اور اس سے شراکت داری کی ایک نئی دہائی کا آغاز ہوگا۔×

Jal Shakti Peyjal Samvad

جل شکتی کی وزارت کے تحت، پینے کے پانی اور صفائی ستھرائی کے محکمے نے ضلع کلکٹروں کے دوسرے 'Peyjal Samvad' کا انعقاد کیا ہے، جو مقامی حکمرانی کو مضبوط بنانے میں ضلع کی قیادت کو بااختیار بنانے سے متعلق قومی مذاکرات ہیں۔ ان مذاکرات سے ذرائع کے استحکام کی یقین دہانی اور جل جیون مشن کے تحت پانی سے متعلق دیہی خدمات کی فراہمی میں جواب دہی میں اضافہ ہوگا۔×

Kendriya Grihmantri Dakshata Medal

2025 کا، کیندریہ گرہ منتری دَکشتا پدک، مختلف ریاستوں، مرکز کے زیر انتظام علاقوں، مرکزی مسلح پولیس دستوں اور

مرکزی پولیس تنظیموں کے ایک ہزار 466 اہلکاروں کو دیئے گئے ہیں۔

وزارت داخلہ نے ایک بیان میں بتایا کہ یہ تمغہ، ماہرانہ کام کے اعتراف اور متعلقہ دفتر یا افسر کے اعلیٰ پیشہ ورانہ معیارات کو فروغ دینے کے مقصد سے چار میدانوں میں دیا جاتا ہے۔ یہ میدان ہیں، خصوصی کارروائی، تفتیش، سراغ رسانی اور فورینسک سائنس۔

انعام یافتگان کی فہرست، وزارت داخلہ کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ ان تمغوں کا اعلان ہر سال 31 اکتوبر کو سردار ولبھ بھائی پٹیل کے یوم پیدائش کے موقع پر کیا جاتا ہے۔ وزارت نے ان انعامات کا آغاز فروری 2024 میں کیا تھا۔×

National Conference Textiles

اڈیشہ کے بھوبنیشور میں کپڑوں کی صنعت کی وزارت، ہینڈلومز اور دستکاری سے متعلق قومی کانفرنس منعقد کررہی ہے۔ یہ دو روزہ کانفرنس آج شروع ہوئی ہے اور اس میں ریاست اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے سینئر افسران، نیز ہتھ کرگھے اور دستکاری شعبوں کے نمائندے یکجا ہورہے ہیں۔

کپڑوں کی صنعت کی وزارت نے کہا کہ اس کانفرنس کا مقصد، متعلقہ فریقوں کے مابین مذاکرات، اشتراک اور ایک دوسرے کو اپنی اپنی پالیسی سے واقف کرائے جانے کیلئے ایک مشترکہ پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔×

Indra Gandhi - Death Anniv

ملک آج سابق وزیر اعظم اندرا گاندھی کو اُن کی برسی پر یاد کررہا ہے۔ کانگریس پارٹی کی چیئر پرسن سونیا گاندھی، لوک سبھا کے اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی اور پارٹی کے دیگر سینئر لیڈروں نے نئی دلّی میں گاندھی اِستھل میں اندرا گاندھی کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ کانگریس کے صدر ملک ارجن کھڑگے نے بھی سابق وزیر اعظم اندرا گاندھی کو خراج عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جانب کھڑگے نے کہا کہ اندرا گاندھی نے ملک کی خدمت اور اِس کی سالمیت کی حفاظت کیلئے اپنی جان قربان کردی۔×

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے آج ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD کے مطابق بہار میں دور دراز کے مقامات پر تیز سے بہت تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔ محکمے نے اتر پردیش، گجرات اور انڈمان و نکوبار جزائر میں بھی شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

جھارکھنڈ، کونکن، گوا اور شمال مشرقی ریاستوں میں بھی آج اِسی طرح کا موسم رہنے امکان ہے۔

IMD نے اُڈیشہ، چھتیس گڑھ، مدھیہ پردیش اور مہاراشٹر میں گرج چمک کی پیش گوئی کی ہے۔×

IND vs AUS - T20

بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان پانچ میچوں کی ٹی-ٹوئنٹی سیریز کا دوسرا میچ آج آسٹریلیا کے میلبارن میں میلبارن

کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلا جارہا ہے۔

اِس سیریز کا پہلا میچ بارش کی وجہ سے 18 اوورز میں کھیلا گیا تھا۔ بھارت نے 10 اوورز میں ایک وکٹ پر 97 رن بنائے تھے اور بارش پھر سے شروع ہوگئی تھی، جس کی وجہ سے کھیل وہیں ختم کردیا گیا تھا۔

اِس سے پہلے آسٹریلیا نے ODI سیریز دو-ایک سے جیتی تھی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆